# 4838 ـ وہ خود تومحتاج ہے اوراس کا بھائی گلوکار ہے

**سوال**

میرا بھائی گانے بجانے کا کام کرتا ہے اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی اور کام نہیں ، اورمیں بھی کام کرنے کی سکت نہیں رکھتا والد صاحب فوت ہوچکے ہیں توکیا میرے لیے اپنے بھائی کا مال کھانا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توانہوں نے جواب دیا :

جی ہاں جب تک آپ ضرورت مند ہیں اس کے مال سے کھا سکتے ہیں اوراس پر بھی واجب ہے کہ وہ آپ پرخرچ کرے ۔ انتھی ۔

لھذا آپ بقدر ضرورت مال لے سکتے ہیں اس سے زائد لینا جائز نہیں ، اورآپ اسے یہ بھی نصیحت کریں کہ وہ یہ حرام کام ترک کرکے اورکوئی کام کرے اورآپ اسے اس کا شرعی حکم بھی بیان کریں کہ موسیقی اورگانا بجانا حرام ہے اورحرام کام میں مشارکت کرنا بھی گناہ ومعصیت ہے اوراس میں تعاون کرنا بھی معصیت وعداوت ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .